خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نئ کتب' قدیم ونایاب کتب' جواہرات' جواہراتی تسبیحاں'
جواہراتی انگوٹھیاں و لاکٹ، خوشبویں' عطر' موی خوشبو'
بخورستک' بخوردان' اگربتیاں' زائچہ جات' نقوش' الواح'
تعویذ' عملیاتی' طلسماتی اور عددی انگوٹھیاں' قرعہ رمل'
کورسز علوم مخفی وغیرہ کے بارے معلومات ہماری ویب
سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

www.khalidrathore.com

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

خالد اسحٰق راٹھور

ایم اے ہسٹری

بانی	خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز
	راہنمائے عملیات (ماہنامہ)
	خالد روحانی جنتری
	خالد ہندی جنتری
پروپرائٹر	راٹھور پبلشرز
مصنف	کتب ہائے کثیر برائے علوم مخفی

042-36374864	042-36293245	0321-4753240	0300-8442060	0300-4783518

معنف: الاستاذ الکبیر الشیخ علی ابوحی اللہ المرزوقی

پبلشر: خالد اسحاق راٹھور

ایڈیٹر: خالد اسحاق راٹھور

رابطہ: مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

فون نمبر:

سن اشاعت: 2016

قیمت:

پیش لفظ

الجواہر السادہ فی استحضار ملوک الجن فی الوقت والساعۃ جس کے مصنف الاستاذ الکبیر الشیخ علی الوحی اللہ المرزوقی ہیں میدان عملیات کی مستند ترین کتب میں سے ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور اس کو اردو کا لبادہ چڑھا کر آپ کے مطالعہ کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ ترجمہ با محاورہ اور آسان ہو۔ کتاب کو پروف کے مرحلہ سے کئی بار گزارا گیا ہے۔ امید ہے اللہ کی مدد سے عملیات کی یہ مستند کتاب آپ کے لیے میدان عملیات کا سنگ میل ثابت ہو گی۔

خالد اسحاق راٹھور

فہرست مضامین

2015
خالد ہندی جنتری
ہندی یعنی زمانہ نجومی سسٹم پر پاکستان کی پہلی اور واحد جنتری
خالد روحانی جنتری
www.khalidrathore.com
www.easternartist.com
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist
17

ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور
August 2015
Rs.60/-
روحانی وظائف ونقوش
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟
جادو اثرات اور خواتین
شرف عطارد
لکی نمبرز
مہورت
آج کا دن کیسا گزرے گا؟
آپ کا برج

جواہر المساعہ

تمام تعریفوں کا مالک اللہ رب العزۃ ہے۔ بہت زیادہ تعریفوں کے لائق وہ ہستی مبارک ہے جس کی نعمتوں کا شمار مخلوقات کے بس کی بات نہیں۔ ہر وہ چیز جو عقل سے بالاتر ہے اس کا مالک و خالق وہی رب العالمین ہے۔

دیگر مخلوقات کی طرح میں بھی اس کی وحدانیت کا قائل ہوں۔ یہی تو ایک ایسی شہادت ہے جس کے ذریعے یوم حساب کے وقت اور جزا و سزا کی گھڑی میں شرف عظیم اور عنایات کا لاثانی تحفہ اور اجر عظیم مل سکے گا۔

مزید براں میں اس حقیقت کا قائل بھی ہوں کہ محمد سید الانبیا اور خاتم النبیین ہیں، نیز رازوں اور علوم کا اصل منبع آپ ہی کی ذات بابرکت ہے۔

درود و سلام کے لائق آپ کے وہ ساتھی ہیں جن کی ذات پر فخر کیا جا سکتا ہے اور اسرار جلیلہ بھی انہی کی بدولت ہیں۔

امابعد:

اسرار الاسماء والحروف کا علم اور اس کی پہچان علوم کے اصل، مقاصد اور ان کے ارتقاء کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور اصل حقائق تک پہنچا دیتا ہے اور اس علم کا ماہر ہی علوم علویہ، سفلیہ، ارواح روحانیہ

کے رازوں سے واقف ہوسکتا ہے اور ان پر عبور حاصل کرسکتا ہے اور جو حاصل کرنا چاہے کرسکتا ہے۔ چند ایسی لاعلاج امراض جن پر اس علم کے ذریعے عبور حاصل کیا جاسکتا ہے، قابل ذکر ہیں!

کوڑھی، بے بصری، عشق وجنون، ظالموں کے ہاتھوں سے مظلوموں کی نجات، قریب کو دور اور دور والے کو قریب کرلینا، دومخالفین کی صلح، خوشیاں چھن جانا، خوشیوں سے محرومی، مصائب کا خاتمہ اور ایسے بہت سے مسائل جن کا شمار نہیں اور نہ ہی ان کی کوئی حد ہے۔ اس فن کے متعلق بہت سے اکابر علماء نے بہت کچھ لکھا ہے تاہم ان اکابرین میں سے چند ایک قابل ذکر ہیں۔

امام ابوحامد غزالیؒ

ابوالعباس بونی

ثابت ابن قرۃ الحرانی

ابومعشر البلخی

ابوبکر الخوارزمی

خلف بن یوسف الدماصانی

سلیم بن ثابت بغدادیؒ

ان سب اکابرین کا اس فن میں کچھ نہ کچھ حصہ موجود ہے۔

مصنف کا بیان

علی ابوحی اللہ المرزوقی کا کہنا ہے کہ انہوں نے بھی اس فن پر دسترس حاصل کی اور اس فن کی بہت سی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ اس مسلسل جدوجہد کے باعث اس علم کے بہت سے اسرار سے اللہ رب الکریم نے انہیں نوازا تاہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں الہام ہوا کہ وہ اس فن پر اپنے مسلمان بھائیوں کیلئے خدمات سرانجام دیں تاکہ خالق انسانیت کے نزدیک ان کی بریت برحق ہو۔ اسی چیز کو مدنظر رکھتے

ہوئے امام صاحب نے گراں قدر محنت سے ایک چھوٹا سا کتابچہ جمع کیا ہے جس کے فوائد ان گنت ہیں، تاہم حجم بہت چھوٹا ہے۔ اس کتابچہ میں مقدمہ، تین مقاصد اور خاتمہ ہے۔

نمبر 1: اس علم کی فضیلت اور اس کے اندر محنت کے لیے چند شرائط کا بیان

نمبر 2: علم الحروف کے رازوں کا آشکار کرنا

نمبر 3: مثلث غزالی کی مانند اسرار الاوفاق کا مکمل تذکرہ

نمبر 4: آیات قرآنیہ اور اسماء الحسنیٰ کے مکمل راز کا بیان

نمبر 5: خاتمہ الکتاب

اس کتاب کا خاتمہ طب روحانی' قواعد الحسابیہ اور خواص عزیزہ جیسے اہم اور متفرق مسائل پر کیا گیا ہے۔ شیخ علی ابوجی اللہ المرزوقی نے اس مختصر کتابچے کو جواہر الساعۃ کا نام دیا ہے۔

الجواہر اللماعۃ فی استحضار ملوک الجن فی الوقت والساعۃ

آنکھوں کو خیرہ کردینے والے جواہر کے سبب فی الوقت اور فی الفور ملوک جن کی حاضری۔

اے اللہ تو اس کتابچے کے ذریعے اپنے بندوں کو نفع دے اور قیامت کے دن اسے کامیابی کا سبب بنا دے۔ آمین۔

فاقول وعلی اللہ حسن القبول

مقدمہ الکتاب

کتاب کے مقدمہ میں علم روحانیات کی فضیلت اور اس میں محنت کے لیے چند شرائط کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

یہ بات تو روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ علم حکمت نفوس کو گناہوں کی میل وکچیل سے اس طرح صاف کر دیتا ہے جیسے صابن کپڑے کی میل وکچیل اور گندگی کو دور کرتا ہے اور جب نفس کا ٹکراؤ حکمت سے ہو جائے تو وہ اپنے لیے عالم الامور کا انتخاب ہی کرتا ہے چونکہ یہ دنیا تو نفسانی خواہشات کا گڑھ ہے اور ابتدائی طور پر شہوات ہی جسم اور روح کیلئے زہر قاتل ثابت ہوتیں ہیں اور ویسے بھی بری خواہشات نے ہی انسانی عقل کے نزدیک اپنا گھیرا تنگ کیا ہوتا ہے۔ایسی ساری بیماریوں کا علاج علم حکمت اور روحانیات میں مخفی ہے۔زندہ نفوس کس طرح جسمانی اور روحانی بیماری سے اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں اور اپنے لیے ہدایت کا راستہ منتخب کر سکتے ہیں اور اپنے راستے سے کیسے تکلیف دور کرتے ہیں اور راستے میں حائل رکاوٹیں اور ان سے دفاع یہ سارے پیچ وخم نفس کی اصلاح سے دور ہو سکتے ہیں۔ نفس کی اصلاح تو روحانیات سے ممکن ہے اور کوئی بھی زندہ نفس ایسا نہیں ہوتا جو اپنی نجات کیلئے کوشاں نہ ہو۔

سقراط کا قول

مشہور یونانی فلاسفر کا کہنا ہے کہ نفسانی خواہشات میں غرق ہونا ہی انسانیت کی موت ہے۔ کھانے پینے اور شہوات کا حصول زندگی نہیں بلکہ اصل آدمی تو وہ ہے جو خواہشات کو بھلا کر سیدھے راستے پر آجائے اور یہ یقین بنالے کہ اصل زندگی تو ذہنی سکون ہے اور خواہشات سے چھٹکارہ نجات کا سبب بنتا ہے۔

یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ علم روحانیات علوم کا اصل اور منبع تصور کی جاتی ہے۔ اسی علم کا ماہر عالم علویہ اور سفلیہ کے اسرار سے واقف ہو جاتا ہے اور اسی کے ذریعے ارواح روحانیہ کا مشاہدہ ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ اسی علم کے ذریعے آپ روحانی ارواح سے مخاطب ہو سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ میل جول اور گویا آپ بھی ان میں سے ایک ہیں، تمام کاموں میں حسب طاقت اسی روحانی علم کی وجہ سے ممکن ہو سکتا ہے آپ کئی ایک امراض (جن کے علاج سے حکماء اور اطباء عاجز آ چکے ہوں) کا علاج کر سکتے ہیں۔ جن میں چند امراض قابل ذکر ہیں۔

فالج، کوہڑی، عشق، وجنون، سرسام، دو ناراض افراد کی آپس میں صلح وصفائی، جن افراد کی دوستی سے اللہ رب العالمین کی ناراضگی وجود میں آئی ہو، ان کے درمیان تفرقہ اور نئے رونما ہونے والے حوادثات کا ماقبل علم اور اس کے برے اثرات کا قبل از وقت ارواح سے پتہ چلنا، چھپے ہوئے عناصر اور معدنیات کے راز، ظالموں اور جابروں سے مظلوموں کی نجات اور ایسے بہت سے آثار اور برکات جن کا خزانہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اسماء، آیات اور حروف میں رکھا ہے اور پھر وہ اسکا الہام اپنے مقرب بندوں کو اس علم کے ذریعے بخش دیتا ہے اور اپنے دیئے عہد کے مطابق اپنے مقرب بندوں کے ہاتھوں پر اسے ظاہر کر دیتا ہے اور جیسا کہ فرمان الٰہی ہے ادعونی استجب لکم "اگر تم مجھے پکارو گے تو میں تمہاری پکار کا جواب دوں گا" گویا یہی حقیقت کے اندر روحانی اور علاوہ ازیں مطلوبہ بھی ہے جو کسی پر چھپی ہوئی نہیں۔ اس علم پر عمل پیرا ہونے کیلئے علماء روحانیین نے بہت سی شرائط وضع کیں ہیں جن کے بغیر مقصد کا حصول ناممکن ہے۔ شرائط میں سے اٹھائیس کے قریب قابل ذکر ہیں۔

الجزم

سب سے پہلے عمل کے لیے جزم یعنی سکون کی شرط رکھی گئی ہے۔ جو بندہ بھی اس علم کو حاصل کرنا چاہتا ہے یا اس عمل کو کرنا چاہیے تو وہ اپنی ذات کو تنہا کرے اور سکون میں عبادت کرے جیسے فرمان رسول ہے ادعو اللہ یعنی اللہ کی عبادت کرو اور اسے تنہائی میں پکارو۔

المشابرة

اپنے اذکار و وظائف پر دوام حاصل کریں۔ اگر کسی کو عمل یا وقت یا ان دونوں چیزوں کے علاوہ کسی اور عمل سے کوئی حاصل وصول نہ ہو تو عمل کو ترک نہ کریں کیونکہ ہر محنت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ صلہ ضرور دیتے ہیں اور جو کوئی کسی کوشش میں لگا رہتا ہے اس کا حصہ اسے ضرور ملتا ہے اور نہ ہی کسی کی محنت رائیگاں جاتی ہے اور اس علم کے طالب تو عاشق کی طرح ہوتے ہیں۔ اگر تو عاشق اپنا رستہ چھوڑ دے تو اسے کچھ نہیں ملتا اور اگر اپنا عمل جاری رکھے تو اسے اس کا مقصد ضرور مل جاتا ہے اگرچہ دیر کے بعد ملے۔

الکتمان

رازداری۔ رازداری اس علم کی بہت بڑی شرط ہے۔ آپ اپنا عمل تنہائی میں کریں اور کسی کو اپنا رازدار اور اپنے عمل کے بارے میں خبردار نہ کریں۔ جیسے کہ ضرب الامثال میں ہے اگر تم اپنی حاجتوں کو پورا کرنا چاہتے ہو تو رازداری کی مدد حاصل کرو۔

التقویٰ

تقویٰ کے اندر شامل چیزیں ہیں۔ حرام کھانے سے پرہیز، مخلوق کی ایذا رسانی سے دوری، تکالیف کا ترک کرنا، جھوٹ اور غیبت سے دوری، سچائی اور عام مخلوق کے لیے نصیحت، مخلوق کی طرف شفقت اور رحم کی نگاہ اور روحانی علماء کا کہنا ہے کہ اس علم والا ہمیشہ اچھے کاموں کیلئے ہی اپنا عمل کرے اور ایسا کرنے والے پر اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اسکا مطیع اور ہر چیز کو اس کے لیے مسخر کر دیتا ہے۔

شرع

اگر روحانین عامل کو کسی چیز کا اشارہ کریں یا کسی چیز کو پورا کرنے کیلئے کہیں تو عامل کوئی ایسا کام نہ کرے کیونکہ روحانین کبھی بھی دین اور شرع سے ہٹ کر کوئی کام نہیں کرتے۔ جس چیز میں انہیں شبہ ہو وہ کام بھی نہیں کرتے۔

حقیر

روحانیات کو کسی حقیر چیز یا حقیر جگہ میں استعمال نہ کریں کیونکہ یہ ان کی توہین ہے۔

دنیا کا پجاری

روحانیت کا استعمال کرنے والا یا اس پر عمل کرنے والا زندہ دل آدمی ہو اور دنیا کا پجاری نہ ہو اور نہ اس کے ذہن میں فانی چیزوں کا خیال آئے بلکہ یہ دونوں چیزیں ایک برابر اور عامل شریف طبع ہو۔

محبت

کسی کی محبت کا باقی رہنا یا عداوت کا باقی رہنا یا ان دونوں کا واقع ہونا ایذا کا دور ہونا یا تکالیف کا یا ہم تکالیف کا شکل رنگ صورت یا پھر لمبے یا مختصر وقت کی صورت میں آ جانا ان سب چیزوں کی تشخیص بہت زیادہ ضروری ہے۔ البتہ تشخیص کے وقت مطلوب اور اُس کی ماں کا نام ضرور پکاریں اگر نام غیر معلوم ہو تو ماں کے نام کی جگہ حوا کا نام پکاریں۔ اگر نام اور تشخیص دونوں کا پتہ چل جائے تو یہ علاج کے لیے بہت بہتر ہوگا۔

غفلت

عمل کرتے وقت غلطی اور بھول سے پرہیز آپ کے لیے ضروری ہے اور یہ بات بھی مدنظر رکھیں کہ عمل کے اوقات میں اہل، مال، خوشی، غم یا ڈر جیسی چیزیں بھی آپ کو غافل نہ کریں بلکہ عمل کے وقت میں آپ کا ذہن ان تمام چیزوں سے مبرا ہونا لازم امر ہے۔

توجہ

عمل کے وقت خاص توجہ لازمی اور ضروری ہے اور عبادت کے ارکان میں سے سب سے بڑا رکن ہے اور یہ بات بھی ذہن نشین ہونی چاہیے کہ جس روحانیت کی قسم پر آپ عمل کرنے کے خواہاں ہیں وہ آپ کو زبانی یاد ہونی چاہیے اور اُس میں کوئی کمی بیشی نہ ہو کیونکہ اگر کتاب سے قسم پڑھیں تو کتاب ہلاشہ آپ کے ذہن کو اور چیزوں میں مشغول کر دیتی ہے۔

مریخ

کوئی سے دو اشخاص کے درمیان صلح یا دو محبوب آدمیوں کی آپس میں لڑائی دشمنی یا بغض شہروں کی تباہی بیماریوں کا پھیل جانا سختی، دلی ہلاکت اور اس سے متعلقہ چیزیں مریخ کی طرف منسوب کی جاتیں ہیں۔

مشتری

معیشت کی درستگی، اچھے انتظام، تزئین و آرائش حسن و جمال، طلسم کا حل، شریر آدمی کی لسانی گرہ کا کھل جانا اور اس سے متعلقہ چیزیں مشتری کی طرف منسوب کی جاتی ہیں۔

زحل

ہر ایسی چیز جو تفرقہ بازی سے متعلق ہو یا تخریب کاری سے متعلقہ بغض اور شہوت انسانی عقد النوم نیند باندھنا اور اس کے متعلقات زحل کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں۔

تنبیہ

ان میں کئی ایک ایسی اشیاء ہیں جو دو سیاروں سے متعلقہ ہیں ان میں سے جس سے چاہیں اپنی حاجت طلب کر لیں یا پھر کسی ایک برج میں ان دونوں کے اقتران کا انتظار کریں۔ اگر آپ اتصلالات (ملاپ) فلکیہ کا انتظار کرتے ہیں تو یہ آپ کے لیے بہت بہتر ہوگا۔

ساعات

علماء نجوم نے سات سیاروں کے مطابق راتوں اور دنوں کی ساعات وضع کیں ہیں۔ ہر ساعت ایک مخصوص کوکب کی طرف منسوب ہوتی ہے اور پہلی ساعت کی ابتداء ہفتہ کے دن سے شروع ہوتی ہے اور اس کی نسبت زحل کی طرف کر دی جاتی ہے۔ اس کے بعد کی ساعت مشتری کی طرف اسی طرح سے ہفتہ کی رات کی بارھویں ساعت کو قمر کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے۔

ہفت روزہ جدول ساعات

نمبر شمار	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
۱	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
۲	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد
۳	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر
۴	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
۵	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
۶	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ
۷	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس
۸	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
۹	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد
۱۰	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر
۱۱	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
۱۲	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری

عمل کا طریقہ کار کچھ اس طرح سے ہے۔ مطلوبہ ساعت اور مطلوبہ دن یا رات کے وقت میں داخل ہوں اور ایسے وقت میں وہ کوکب بھی موجود ہوگا جس کی طرف یہ ساعت منسوب ہے۔ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ساعت کوکب زمانے کی ساعت کے مطابق نہیں ہوتی بلکہ اس کا وقت کم یا زیادہ ہوتا رہتا ہے کیونکہ راتوں اور دنوں کے اوقات کی کمی بیشی طلوع آفتاب یا غروب آفتاب کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ اصل میں طلوع وغروب یا پھر اس کا اُلٹ ہی راتوں اور دنوں کی مقدار تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس طرح سے اس مقدار کو بارہ حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے اور ہر جز ایک مخصوص کوکب کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ جیسا کہ جدول میں آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔

کھانا

عمل کے وقت آپ کا معدہ فضول قسم کے کھانے سے خالی ہونا چاہیے تاہم اتنی مقدار کھانے کی بے شک موجود ہو جو ضروری تصور کی جاتی ہے۔

خروج

حیوانات اور حیوانات سے جن چیزوں کا خروج ہوتا ہے ان کا کھانا منع ہے۔

بری خوشبو

ہر وہ چیز جس کی خوشبو بری ہو مثلاً پیاز اور لہسن کا کھانا منع ہے۔

التجیم

یہ وہ شرط خاص ہے کہ جیسے بھی قسم لکھی گئی ہو یا اس پر کسی بھی معدون یا پتھر کا نقش بنا ہوا ہے ویسے ہی رہنے دیا جائے۔

تبخیر

ہر عمل کے لیے علماء نے ایک مخصوص قسم کی دھونی کا ذکر کیا ہے اور وہ دھونی عمل کے مطابق اور کواکب کے مطابق ہوتی ہے لیکن بعض لوگوں نے ایک ہی چیز کی دھونی کافی قرار دی ہے اور بخور الجلب اور بخور الدفع جلب کرنا یا کسی چیز کو دور کرنا دونوں کے لیے الگ الگ بخورات کا استعمال بتایا ہے۔ بخور کے لیے علماء علم نجوم کا وضع کردہ جدول درج ذیل ہے۔

دفع و نحس مقاصد	جلب قلب و سعد مقاصد	نام کوکب
بال سیاہ، کبریت	میعہ سائلہ، لوبان	زحل
صندل	صندل، عود، عنبر	مشتری
منگل کے دن ذبح کیے بکری کے بچے کا خون، افیون	صندل، لبان	مریخ
کافور	کافور، مشک، عنبر	شمس
لوبان	لوبان، عود، مصطگی	زہرہ
لوبان میعہ سائلہ	لوبان	عطارد
لوبان	لوبان	قمر

بعض لوگوں نے اچھے اور برے ہر عمل کے لیے صرف لبان اور کزبرہ ذکر کے بخور پر بھی اکتفا کیا ہے لیکن انھوں نے یہ شرط لگائی ہے کہ کزبرہ کی دھونی اس وقت یا اس حال میں ہی دی جاسکتی ہے جب

یہ ٹوٹ پھوٹ اور خرابی کا شکار نہ ہو۔

پاکیزگی

عمل کے وقت بدن، کپڑوں اور مکان کی پاکیزگی بہت زیادہ ضروری ہے اور موجودہ مکان میں داخل ہونے سے پہلے کتابت، سیاہی، اوراق اور مذکورہ معدن ساتھ ضرور لیں۔

قبلہ شریف

عمل کے وقت منہ قبلہ شریف کی طرف رکھیں۔

تحریف

آپ لکھا ہوا عمل بالکل اصل صورت میں رہنے دیں اس میں کوئی تحریف نہ کریں اور کوئی کلمہ یا نام آگے پیچھے نہ کریں کیونکہ عمل کے اندر چیز اعداد کے مطابق ہوتی ہے آپ کو اس میں تحریف یا تبدیلی کرنے کی ضرورت نہیں۔

تلاوت

قسم کو عمل کی اور کام کی مناسبت سے ہی تلاوت کریں کیونکہ ہر قسم کی غرض الگ ہے۔

ارقام

(رقم) کی کتابت صرف ہندی قلم سے کی جائے کیونکہ اس میں بھی راز ہے۔

قبولیت

حروف اور ارقام کی کتابت نہایت ہی خوبصورت انداز میں کریں۔ آپ کا خط نہایت ہی خوبصورت اور عرض وطول کے حساب سے بالکل برابر ہونا چاہیے۔ کیونکہ یہ ہی تو ارواح کو قبولیت کی طرف مائل کرتا ہے اگر خط بالکل درست اور خوبصورت انداز میں ہوگا تو اس کا لکھنے والا ارواح کے نزدیک بہت محبوب تصور کیا جائے گا۔

درودوسلام

عمل شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام ضرور پڑھیں کیونکہ فرمان نبوی ﷺ ہے:۔

''جو آدمی میرے اوپر دوصلوۃ کے درمیان میں درود وسلام بھیجے گا اس کی کوئی دعا رد نہیں کی جائے گی''۔

آپ کی ذات مبارکہ پر یہ درود پڑھیں۔

''اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد النبی وعلی آلہ وصحبہ وسلم عدد خلقک ورضاء نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک''۔

استخارہ

کوئی بھی عمل کرنے سے قبل استخارہ اس ترکیب سے کریں کہ دو رکعت صلوۃ استخارہ ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ الکافرون پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد

سورہ اخلاص پڑھے اور بعد سلام یہ دعا تین یا سات بار پڑھے۔

الھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک واسالک من فضلک العظیم ان تبین لی عاقبة امری فی الشیء الفلانی اور اپنی حاجت کو سوچے فان کان خیرا فاشرح له صدری و وفقنی لعمله وان کان شرا فاصرفه عنی واصرفنی عنه انک علی کل شیء قدیر ٥

پھر اگر دل مطمئن ہو تو عمل کرے ورنہ نہ کرے۔ عمل استخارہ پر مکمل توجہ دے اور ضرور اس کے مطابق دل و دماغ سے یقین رکھ کر عمل کرے۔

منقوط وغیر منقوط

خیر کے عمل کا دن غیر منقوط ہو۔ عربی ماہ میں 3'5'13'16 24'21 اور 25 منقوط ہیں اور باقی سب غیر منقوط۔ بلکہ بعض لوگوں نے ایام کے لیے بہت اچھا ضابطہ وضع کیا ہے۔

محبک یرعی هواک فهل	تعود لیالی وصد الامل
فما کان منقوطا بدا نحسه	وما کان هملا فسعد حصل

قمر

آخری شرط یہ ہے کہ تمام اچھے اعمال زائد القمر میں کریں اور برے اعمال ایام محاق زوال میں کریں۔

تمام اچھے اور برے اعمال کے لیے مکمل 27 شرائط ہیں اگر کوئی عامل ان شرائط کے مطابق کوئی

عمل کرلے تو وہ کامیاب ہو جائے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب و الیہ المرجع المآب)

جواھراتی تسبیحاں

مختلف قسم کی تسبیحاں جو اصل جواہرات اور چاندی کی بنی ہوتی ہیں، دستیاب ہیں۔ چاندی کی تسبیح کے جڑوانے پر "اللہ" اور "محمد" نقش ہے۔ یہ جہاں دیکھنے میں خوبصورت ہے وہاں حصول برکت اور روحانیات کے حوالے سے بھی خاص اثرات اور قوت کی حامل ہے۔

عقیق	عقیق	موئے نجف	موتی
ٹائیگر	لاجورد	سبز	چاندی، اللہ محمد کندہ

المقصد الاول

اسرار الحروف کے بیان کا مکمل اور مختصر خلاصہ

یہ بات تو آپ کو ذہن نشین ہونی چاہیے کہ حروف کے راز بہت زیادہ ہیں اور ان کی اصل اور ان کے راز تو وہی آدمی حاصل کر سکتا ہے جو اللہ کا ولی اور اس کا برگزیدہ بندہ ہو۔ البتہ حروف کی تعریفات یا تصرفات کے بہت سے طریقے ہیں۔ لیکن یہاں پر ہم صرف تین کی وضاحت کریں گے۔

(1) طریقہ الاستنطاق

(2) طریقہ المزج

(3) طریقہ الروح

طریقہ الاستنطاق

یہ ایک ایسا مجرب نسخہ ہے جو بہت کم لوگوں کی پہنچ میں ہوتا ہے اور بہت کم لوگ اس کا حصول کر سکتے ہیں یہ جلب المسار اور دفع المضار یعنی محبت اور تکالیف کے خاتمہ کے لیے انتہائی مجرب نسخہ ہے اس میں بہت سے اعمال اور مقاصد کا حل ہے اور یہ ایک خفیہ خزانہ ہے جو کسی کسی کو ملتا ہے۔ اس کی تین کیفیات یہ ہیں:۔

(1) رقمیہ

(2) حرفیہ

(3) عددیہ

(1) رقمیہ:

ہر حرف اپنی طبع کے مطابق لکھا جائے مثلاً زید کو رقمی انداز میں زی د کی طرح۔

(2) حرفیہ:

ہر حرف اپنی طبع کو اس کے بولنے کے مطابق لکھا جائے مثلاً زید کو زای۔ یاء۔ دال۔

(3) عددیہ:

اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) مطولہ۔ مطولہ یہ ہوتی ہے کہ ہر اسم کو اس کے حروف کے حساب سے اور عدد کے مطابق لکھا جائے۔ مثلاً زید کو س ب ع ۃ ع ش رۃ ا ر ب ع ۃ اور دوسری قسم کا نام مختصر ہوتا ہے وہ یہ ہوتی ہے کہ ہر اسم کو تمام حروف کے اعداد کے مطابق لکھا جائے۔ مثلاً زید کو اں۔ کیونکہ (ز) سات کے لیے اور "یا" اں کے لیے اور (د) چار کے لیے۔ یہ تمام 21 بنتے ہیں اور ان کو اں بولا جاتا ہے۔

فائدہ:

ان تمام سے فائدہ ایک ہی حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ ان سب چیزوں کا دارومدار نتیجہ اور قسم پر ہوتا ہے اور یہ تمام سے حاصل ہو جاتا ہے۔

تکسیر:

طریقہ کار کچھ یوں ہے جب بھی آپ کسی اچھے یا برے عمل کا ارادہ کریں تو طالب مطلوب اور حاجت تینوں کو ایک ہی سطر میں لکھیں پھر ان کو توڑ دیں تا کہ زمام نکل آئے مثلاً .... زید اور عمر طالب و مطلوب ہیں اور ان کی حاجت محبت ہے۔

زید حب عمر

سطر الاصل	ر	م	ع	ب	ح	ی	د	ی	ز
	ح	ی	ب	د	ع	ی	م	ز	ر
	ع	ی	د	م	ب	ز	ی	ر	ح
	ب	ز	م	ی	د	ر	ی	ح	ع
	د	ر	ی	ی	م	ح	ز	ع	ب
	م	ح	ی	ز	ی	ع	ر	ب	د
	ی	ع	ز	ر	ی	ب	ح	د	م
	ی	ب	ر	ح	ز	د	ع	م	ی
	ز	د	ح	ع	ر	م	ب	ی	ی
سطر الزمام	ر	م	ع	ب	ح	ی	د	ی	ز

سارے نکلے ہوئے حروف کی سطریں لکھ لیں اور زمام والی سطر چھوڑ دیں۔ کاغذ کی سامنے والی جگہ قسم کے لیے استعمال کریں تا ہم پچھلی طرف یہ سطریں لکھیں استخراج (نکالنے) کا طریقہ کچھ اس طرح ہے۔

پہلی سطر کے پہلے اور دوسرے تین تین حروف لیں۔

زمام کی سطر چھوڑ کر دوسری سطر سے بھی پہلے اور دوسرے تین تین حروف لیں اور پھر ہر تین حروف کی نسبت کلمہ ایل کی طرف کر دیں۔ لیکن یاد رکھیں پہلی سطر ہی اصل تصور ہوگی۔ کلمہ ایل کے ساتھ تین تین کلمات کی نسبت کردی جائے تو مثال کچھ اس طرح سے بن سکتی ہے۔

زیدائیل عمرائیل یبائیل حدزائیل

اس کے بعد پہلی اصل سطر کے عدد کا جملہ بنالیں اسے عدد سطور التکسیر کا جملہ کہا جائے گا۔ لیکن زمام کی سطر اس میں شامل نہیں ہوگی پہلا زیادہ مشہور ہوگا اور اسی سے حروف کا استنطاق ہوگا یعنی باقی حروف بھی اسی سے نکلیں گے اور جب ایل کی اضافت اسی کی طرف ہوگی تو اسی سے روح الحاکم کا نام نکل آئے گا اور چاروں مذکورین آپ کے انہی حروف کے خدمتگار ہیں گویا آپ کے اس عمل کا حاکم زمشائیل ہوگا کیونکہ اس کا جملہ 347 بنتا ہے۔ اس کا نطق (بولنا آواز نکالنا) زمش ہوگا۔

اس کی کتابت کا طریقہ کار یہ ہوگا کہ مذکورہ جملے کے تمام حروف کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء اکالیں جن کے شروع میں یہ حروف آئیں گویا ان حروف سے اللہ تعالیٰ کے یہ نام ہیں زکی' مومن' شکور۔

اللہ تعالیٰ کے مذکورہ اسماء کاغذ کے شروع میں لکھیں اس کے بعد یہ کلام تحریر کریں اجب یا زید ایل و انت یا عمر ایل یا یبایل و انت یا حدزایل بحق اسماء اللہ تعالی العظام زکی مومن شکور اجیبو ایھا الارواح الکرام وتوکلوا بتعطیف قلب زید علی عمر وحتی یحبہ حبا زالدا بحیث لا یستطیع یفارقہ طرفۃ عین ولذا اقل من ذلک اجیبو او افعلوا ما امرتکم بہ بحق الملک الغالب امرہ علیکم زمشایل۔

اس کے بعد اپنی کتابت مکمل کریں اور کاغذ کو انار کے پودے کی ٹہنی سے باندھ دیں اور اپنی حسب طاقت اسے دھونی دیں اور اس پر قسم کی تلاوت کریں۔ اس قسم پر عمل کا طریقہ کار کچھ یوں ہے۔

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کے اسماء الثلاثہ کا سات مرتبہ ورد کریں پھر ایک مرتبہ قسم کی تلاوت

کریں پھر چالیس مرتبہ اسماء کا ذکر کریں اور ایک مرتبہ قسم پھر اسماء الحسنی تین سو مرتبہ اور قسم ایک مرتبہ پھر اس کے اس کاغذ کا حسب طبع استعمال کریں۔ اگر گھر اس کا عنصر ناری ہے تو آگ کے پاس عمل کریں اگر عنصر ترابی ہے تو کاغذ کو زمین میں دفن کریں لیکن اس جگہ جہاں لوگوں کے قدم نہ پڑتے ہوں اگر عنصر ہوائی ہے تو جہاں ہوا رداں و داں ہو کاغذ کو وہاں لٹکا دیں اگر عنصر مائی ہے تو پانی کے قریب یا دریا یا کنویں میں ڈال دیں۔ غالب عنصر کی پہچان کا طریقہ کچھ یوں ہے سطر اول یعنی اصل سطر سے نکالے ہوئے حروف آنے والے جدول میں داخل کریں اور ان میں سے قوی حروف نکال لیں لیکن یہ حروف طبع اور قوت کے اعتبار سے نکالیں جس کا وزن بھاری ہوگا وہ قوی ہوگا۔ چاروں طبائع کے حروف میں سے سب سے پہلے ذوالمرتبہ اس کے ذوالقوۃ ذوالدرجہ اور ذوالدقیقہ ذوالثانیہ ذوالثالثہ ذوالربع اس طرح ذوالخامسہ اور پھر درجہ بدرجہ جدول ملاحظہ فرمائیں۔

الحروف الناریہ	الحروف الترابیہ	الحروف الھوائیہ	الحروف المائیہ	الوزن	المرتبہ
ا	ب	ج	د	۷	مرتبہ
ہ	و	ز	ح	۶	درجہ
ط	ی	ک	ل	۵	دقیقہ
م	ن	س	ع	۴	ثانیہ
ف	ص	ق	ر	۳	ثالثہ
ش	ت	ث	خ	۲	رابعہ
ذ	ض	ظ	غ	۱	خامسہ

خیر و برکت کے کاموں میں بعض لوگوں کے خیال کے مطابق عامل کے لیے عمل صرف چمڑے یا کھال پر کرنا ہی جائز ہے اور برے کاموں کے لیے عمل کو دفن کرنا ضروری ہے۔ لیکن پہلا طریقہ بہت

بہتر ہے اگر پورے جملے کے حروف سطر اول میں برابر کے وزن پر آئیں تو پھر آپ کے پاس اختیار ہے کہ جس طبع کے مطابق عمل کرنا چاہیں کر لیں اور بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اگر سطر اول کے حروف برابر وزن پر آئیں تو ہوا کے عنصر کے مطابق عمل کریں کیونکہ ہوا کا عنصر بھی بہت عناصر پر غالب آتا ہے اور تمام عناصر سے زیادہ قوی ہوتا ہے دوسرے نمبر پر آگ پھر مٹی اور پھر پانی کا عنصر آتا ہے۔

طریقہ عمل

یہ بات یاد رکھیں کہ عمل دو قسم کے ہوتے ہیں اچھے اور برے۔ تاہم اچھے اعمال کا تعلق ارواح علویہ اور برے اعمال ارواح سفلیہ سے ہوتا ہے۔ پیچھے دیئے گئے طریقہ کے مطابق اگر آپ زید اور عمر میں فرق کرنا چاہیں تو ہر قسم کا فرق کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے ایل کو طیش میں تبدیل کریں گے۔ کیونکہ ایل ارواح علویہ کے متعلقہ ہے اور طیش ارواح سفلیہ سے جڑا ہوا ہے۔ عمل کرتے وقت ان دونوں کلمات ایل اور طیش کا خاص خیال رکھا جائے۔

بیماری یا مصیبت سے متعلقہ عمل کا طریقہ کار

بیماریاں دو قسم کی ہوتی ہیں:۔

(1) بیماری کا تعلق انسان کے پورے بدن سے ہوگا۔

(2) بیماری کا تعلق صرف مخصوص انسانی عضو سے ہوگا۔

اگر تو بیماری کا تعلق پورے انسانی بدن سے ہو تو مریض کا نام اور اگر مرض کا تعلق خاص عضو سے ہو تو صرف اسی عضو کا نام لیں اس پورے نام کے حروف کو ایک سطر میں لکھیں پھر ان حروف کو الٹ طبع کے حروف میں ملائیں اس عمل کے لیے طبائع کے اثرات ملاحظہ فرمائیں۔

حروف ناریہ کی طبع گرم اور خشک ہوتی ہے اسے صفراوی طبع زردی مائل کا نام دیا جاتا ہے۔

حروف الترابیہ کی طبع ٹھنڈی اور خشک تصور کی جاتی ہے اور اسے سوداوی طبع سیاہی مائل کا نام دیا جاتا ہے۔

حرف ہوائیہ گرم اور تر ہوتے ہیں ان کی طبع دموی خونی مائل ہوتی ہے۔

حروف مائیہ کی طبع ٹھنڈی اور تر ہوتی ہے اور اسے طبع مائی کا نام بھی دیا جاتا ہے۔

جب آپ کا یہ عمل مکمل ہو جائے یعنی آپ مریض یا خاص بیماری والے عضو کے نام کے حروف ان کی مخالف طبع کے حروف میں ملالیں اور ان کو ایک ہی سطر میں لکھ لیں۔ سارے حروف ایک سطر میں لکھنے کے بعد ان کو توڑ کر زمام کی سطر الگ کر دیں۔ زمام کی سطر کے علاوہ جتنے حروف باقی ہوں ان کو کاغذ پر لکھیں اور سطر الاصل کو نکالیں پھر ان سے حاصل کردہ حروف کا استنطاق کریں مخرج سے حروف نکالنا اور پھر استنطاق کے مطابق ہر حرف سے اسماء الحسنیٰ کے نام اخذ کریں لیکن شرط یہ ہے کہ اسماء الحسنیٰ کے ابتدائی حروف بالکل یہی ہوں جملوں کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اسماء الحسنیٰ کو کسی باریک چمڑے پر یا کاغذ پر لکھیں اور اس کے مطابق اسے بخور دیں۔ یہ باریک کھال یا کاغذ عمل کے بعد مریض کو دے دیں تاکہ وہ اسے اپنے پاس یا خاص عضو پر باندھ لے یا پھر اس کو پانی سے دھو کر پانی پی لے۔ ایسا عمل کرنے سے اسماء الحسنیٰ کی برکت سے وہ مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔

طریقہ المزج (آپس میں ملانا)

مزج کا طریقہ کار کچھ یوں ہے دو مختلف ناموں کے حروف آپس میں ملا دیں اور ان کو مختلف دو سطروں میں لکھیں اگر ایک سطر کے حروف کم ہو جائیں تو دوسری سطر سے حروف لے کر یہ کمی پوری کی جائے اور اس کمی کے لیے زیادہ حروف والی سطر سے وہ حروف لیے جائیں جو قوت کے اعتبار سے زیادہ ہوں۔ مثلاً ہمارے پاس دو نام ہیں محمد اور شرف۔

م ش ح ر م ف و یہاں پر شرف کا ایک حرف محمد سے کم ہے۔ اگر ہم شرف کا مکمل جملہ بنائیں تو 580 بنے گا کیونکہ ش کے عدد 300 ہیں ر کے 200 اور ف کے 80 بنتے ہیں۔ ان کا مجموعہ 580 بنے گا اور اس کا استنطاق ف اور ث ہوگا یہاں ہم حرف فا کو باقی حروف میں ضم کریں گے تو سطر اس طرح سے بنے گی۔ م ش ح ر م ف د یہاں پر ہم نے ف کا ذکر کیا اور ث کو چھوڑ دیا کیونکہ ف نمبر 3 پر اور ث 4 نمبر پر آ رہی ہے اور ہر ساتھ کا چوتھا تیسرا ایک کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے بعد دو ناموں کو مزج کریں گے اور حاجت کا نام بھی اس میں ضرور ذکر کریں گے۔ پھر ناموں اور حاجت کو ملا کر ایک اصل سطر بنے گی اگر حاجت نیک ہے تو سطر کے دائیں حصہ سے توڑیں گے کیونکہ اچھائی ہمیشہ دائیں طرف ہوتی ہے اگر بری حاجت ہو تو سطر کو شمالی جانب سے توڑنا شروع کریں گے کیونکہ برائی ہمیشہ بائیں یا شمال کی طرف ہوتی ہے۔

اچھے کام یا اچھی حاجات مثلاً محبت، الفت، پیار، نرمی، قبول، خوشی، سرور اور برے کاموں میں تفریق، ضد، دشمنی طرد (پچھاڑنا) اور دوری جیسی چیزیں شامل ہیں اور جب تمام کی سطر ظاہر ہو جائے تو حروف تکسیر (توڑنے والے) والے حروف کو لیں اور ان کو کاغذ یا باریک چمڑے پر لکھیں۔ طالب و مطلوب اور حاجت کا الگ الگ ذکر کریں اور ان سب کے جملہ اور حروف الگ الگ لکھیں پھر ان سب کے ساتھ (اچھے اعمال) کے ساتھ کلمہ ائیل اور برے کاموں کے ساتھ کلمہ طیش کا اضافہ کریں پھر تینوں جملوں کو لے کر اور حروف استنطاق بھی ساتھ ملا کر ملحق کلمہ ائیل یا طیش کی اضافت کے ساتھ تینوں مذکور نام (طالب مطلوب حاجت) سے ملک الحاکم کا استخراج کریں پھر ان کو وزنوں کے جدول میں داخل کریں اور جو سب سے زیادہ قوی ہو اسے دائرہ کے درمیان میں لکھیں اور اسماء الحسنیٰ جو ان کے حروف سے نکلتے ہوں دائرہ کے اردگرد لکھیں پھر اپنی قسم مطلوبہ کو دائرہ کے اردگرد لکھیں۔ پھر تینوں جملوں کے اسماء اور پھر عقد احاد (گیارھویں گرہ) کے بعد قسم دوسری مرتبہ پھر عشرات میں سے ہر عشرہ کے بعد قسم اور اس طرح سے 100 مائیہ کے بعد قسم اعداد کے آخر تک اس طرح سے اپنے معاملات کو

تصرف میں لائیں اور اپنے اعمال میں اللہ کا خوف مدنظر رکھتے ہوئے کوئی ایسا عمل نہ کریں جس میں رب کریم کی ناراضگی شامل ہو اور ہر کام شریعت مطہرہ کے مطابق ہونا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اچھے کاموں کی توفیق دے (آمین)۔

طریقہ الروح:

علم روحانیات میں طریقہ الروح سے بڑھ کر کوئی اعلیٰ اور نادر چیز نہیں ملتی۔ یہ واحد ایک ایسی چیز ہے جس کی علما اور حکما قطعاً اجازت نہیں دیتے مگر بہت زیادہ شدت اور تنگی یا اگر کوئی حل نہ نکلے تو علماء نے صرف رازداری کی انتہائی شدید صورت میں اس طریقہ کی اجازت دی ہے۔ طریقہ کچھ یوں ہے۔ طالب اور مطلوب دونوں کے الگ الگ حروف جمع کریں اور ابجد جمل سے حاصل شدہ استنطاق کو یعنی طالب و مطلوب اور حاصل شدہ استنطاق کو الگ سطر میں لکھیں پھر نکلنے ہوئے حروف کے مطابق ایک وفق بنائیں لیکن ان کے اضلاع اور اوضاح بالکل برابر ہوں پھر ہر خانہ میں اسماء الحسنیٰ میں سے ایک اسم مبارک لکھیں لیکن ان اسماء مبارکہ کی ابتداء صرف انہی حروف سے ہوتی ہو پھر ہر خانے میں موجود حروف کے خدام (جو کہ ارواح میں سے ہیں) کا تذکرہ ضرور کریں صفحہ کے ظاہری حصہ پر (اجب یا کذا او کذا) (تو جواب دیں یا اسی طرح کردے) اس کا اظہار ضرور کریں پھر حروف استنطاق پر مختص ملائکہ کے اسماء کا ذکر بھی کریں اور یہ کلام پڑھیں۔

"بحق من قال للسموات والارض ائتیا طوعا او کرھا قالتا اتینا طائعین اجیبوا وافعلوا کذا و کذا (اپنی حاجت کا اظہار کریں) اور پھر یہ کلام پڑھیں بارک اللہ فیکم و علیکم۔ پھر دونوں اسماء کے مطابق اسماء الحسنیٰ کا ذکر کریں۔ اور تمام اعداد کے مطابق قسم پڑھیں۔ لبان ذکر اور کزبرہ سے دھونی دیں اور برے اعمال کے لیے کبریت سے دھونی دیں پھر طبع غالب کے مطابق لکھ کر

مذکورہ طریقہ کے مطابق اپنی حاجت کا اظہار کریں۔ مکمل طریقہ کا نمونہ کچھ ایسے ہے۔

زید طالب	عمر مطلوب	محبت غرض
زید کا نطق	۲۱ عدد	اک ہ نطق
عمر کا نطق	۳۱ عدد	ی ش نطق
	اس کا وفق رباعی ہوگا	

یہ ایک مکمل جدول ہے جو بیان کرتا ہے، مطلوب تک پہنچنے کا پورا طریقہ ارواح علویہ کے ساتھ مخصوص حروف ارواح سفلیہ کے ساتھ مخصوص حروف اور اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ کے ذریعے کس طرح سے مطلوب تک پہنچا جا سکتا ہے۔ اس وجہ سے ابجدی جملوں اور کبیر جمل سے متعلقہ ہر حرف کا عدد آپ کے لیے بیان کیا ہے تاکہ ہمیں کچھ حاصل وصول ہو سکے۔

ابجدی جملوں اور بڑے جملوں کے مطابق ہر حرف کا عدد

جدول

الحروف	جمل ابجدی عددھا	الجمل الکبیر عددھا	الارواح العلویہ	الارواح السفلیہ	اسماء اللہ تعالیٰ
ا	۱	۱۱۱	ایقاییل	قیاطیش	اللہ اول آخر تعالیٰ
ب	۲	۳	جاییل	جطیش	بر بدیع باقی باری باسط باعث باطن
ج	۳	۵۳	جنائیل	یجمطیش	جلیل جامع جبار
د	۴	۳۵	ھلاییل	یھطیش	دائم دیان دافع
ھ	۵	۶	وایل	وطیش	ھادی
و	۶	۱۲	حیاایل	یجیطش	ودود واسع وھاب وکیل ولی واحد
ز	۷	۱۸	حیاایل	یحطیش	زکی واحد والی وارث
ح	۸	۹	طاییل	ططیش	حی حسیب حنان حکیم حلیم حمید حق حفیظ
ط	۹	۱۰	یاییل	یطیش	طیب طاہر
ی	۱۰	۱۱	ایاییل	یاطیش	یاھیوہ
ک	۲۰	۱۰۱	القاییل	قاطیش	کریم کبیر
ل	۳۰	۷۱	اھاییل	عاطیش	لطیف

م	۴۰	۹۰	صاییل	صطیش	مغنی معطی مانع مقیت منتقم مجیب مجیدمتعال مومن مہیمن ملک متین متکبر مصور محصی مبدی معید محی ممیت ماجد مقتدر
ن	۵۰	۱۰۶	وقاییل	قوطیش	نور نافع
س	۶۰	۱۲۰	کفاییل	فکطیش	سلام سریع سمیع
ع	۷۰	۱۳۰	لباییل	فلطیش	عزیز علیم علی عدل عظیم عفو
ف	۸۰	۸۱	افاییل	قاطیش	فرد فاطر فتاح
ص	۹۰	۹۵	صاییل	صہطیش	صمد صادق صبور
ق	۱۰۰	۱۸۱	اقاییل	اقاطیش	قادر قدیر قوی قہار قابض قیوم قدوس
ر	۲۰۰	۲۰۱	اراییل	راطیش	رب رحمن رحیم رئوف رزاق رقیب رشید
ش	۳۰۰	۳۶۰	سشاییل	شسطیش	شہید شکور
ت	۴۰۰	۴۰۱	اتاییل	تاطیش	تواب
ث	۵۰۰	۵۰۱	اثاییل	ثاطیش	ثابت
خ	۶۰۰	۶۰۱	اخاییل	خاطیش	خالق خافض
ذ	۷۰۰	۷۳۱	الذاییل	ذلاطیش	ذوالجلال والاکرام

ض	۸۰۰	۸۰۱	ھضایل	ضھطیش	ضار
ظ	۹۰۰	۹۰۱	اظاییل	ظاطتش	ظاہر
غ	۱۰۰۰	۱۰۶۰	سغاییل	غسطیش	غفار غنی غفور

گویا آپ یہ بات تو جان چکے کہ ہر اچھا کام روح علویہ کے ساتھ مخصوص اور اعمال بد روح سفلی یا روح سفلہ کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس بات پر راضی ہیں۔ اس کی ہمیں توفیق نصیب ہو۔ آمین

المقصد الثانی

فی ذکر نبذة من اسرار الاوفاق

اوفاق سے جڑے رازوں کا بالتفصیل تذکرہ ملاحظہ فرمائیں

یہ بات آپ کے ذہن میں ہونی چاہیے کہ علم الاوفاق ہی ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے اعداد اور اس کی برابری اقطار اور اضلاع کے لحاظ سے یا پھر عدم التکرار اسی علم کے ذریعے ثابت کیا جاسکتا ہے۔ وفق اوفاق سے نکالا گیا ہے اور اصطلاحاً وفق اس سطح کو کہتے ہیں جس کے کنارے قائم ہوں اور ان کی برابر کی چار اضلاع بنتیں ہوں۔ پھر یہ اضلاع برابر اقسام میں تقسیم ہوجاتیں ہیں۔ جہاں پر ہر ضلع اور مقابلہ کی سیدھے خطوط کے لحاظ سے کئی قسمیں بنتی ہیں پھر یہی قسمیں مربعات صغار میں تقسیم ہوتی ہیں۔ مربعات کی بھی کئی قسمیں بن جاتی ہیں پھر مربعات کو اضلاع پر تقسیم کیا جاتا ہے پھر اعداد اگر عدد بڑے ہوں تو بہوت متفاضلہ پھر مربعات الصغار الطولیۃ والعرضیۃ اور پھر ایسے اعداد بنتے ہیں جن میں کوئی تکرار نہیں ہوتا اگر حرف اعداد ہوں تو حرفیہ اگر اعداد کلمات کی صورت میں ہوں تو عدد کلمیہ یا عدد اسمیہ۔ یہ ساری اقسام کا تعلق علم الاوفاق سے ہی ہے۔ ہر وفق کے لیے آٹھ اصول وضع کیے گئے ہیں جیسے مفتاح، مغلاق، عدل، وفق، مساحت، ضابطہ، غایۃ اور امل یہی وہ اصول ہیں جن کی پہچان ملوک علوی اور ان کے خدام اعوان کے حصول میں مددگار ثابت ہوتیں ہیں۔

وفق میں سب سے پہلے مفتاح کا عدد آتا ہے اور مغلاق آخر میں آتا ہے۔ یعنی پہلا عدد مفتاح اور آخری مغلاق کہلاتا ہے۔ عدل مفتاح اور مغلاق کا مجموعہ ہوتا ہے۔ ضلع کا عدد وفق ہوتا ہے۔ اضلاع الوفق کے عدد کا مجموعہ مساحت ہوتا ہے۔ ضابطہ وفق اور مساحت کا مجموعہ ہے طول وعرض کے لحاظ سے اضلاع کا مجموعہ غایۃ ہوتا ہے اور دگنی مساحت بھی اسے کہتے ہیں۔ اصل میں غایۃ کے اندر مغلاق ہی ہوتا ہے۔

(کواکب کی بحث)

اوفاق میں ہر وفق مثلث سے متسع تک کسی نہ کسی کوکب کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ مثلث زحل کی طرف منسوب ہوتا ہے، مربع کی نسبت مشتری کی طرف ہوتی ہے، مخمس کی نسبت مریخ کی طرف، مسدس کی نسبت شمس کی طرف، مسبع کی زہرہ کی طرف، مثمن کی عطارد کی طرف اور متسع کی نسبت قمر کی طرف اور اس کا مجموعی عدد معشر فلک بروج کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ ان آٹھ کے علاوہ کوئی عدد کسی خاص کوکب کی طرف منسوب نہیں ہوتا۔ ان آٹھ اوفاق میں سے ہر وفق کے بہت سے فوائد اور خصوصیات ہیں بعض کے مطابق ہر وفق کی اپنے کوکب والی خصوصیات ہی ہوتیں ہیں اور دوسرے گروہ کے نزدیک حروف اضلاع اور ان کی طبائع والا اثر ہی اوفاق میں ہوتا ہے۔

مثلث:

مثلث کے اندر ساری خوبیاں زحل والی ہوتیں ہیں جلب، جمع، جلد، جبر اور جیم سے شروع ہونے والے ہر نام کے اندر ساری خصوصیات مثلث میں آتی ہیں۔

مربع:

نیکی و بھلائی اور غائب کی خبروں کا ہمیشہ سے گردش میں رہنا، بیماریوں سے نجات اور حرف دال سے شروع ہونے والے سارے اسماء کی خصوصیات مربع کے زیر اثر آتی ہیں۔

مخمس:

مخمس کی خصوصیات میں سے ڈر، خوف، ہیبت، ہبہ اور اس سے متعلقہ سارے امور مخمس کی طبع میں آتے ہیں اور یہ ہی اس کی خصوصیات ہیں۔

مسدس:

دوستی، حفاظت، درجہ، حفاظت جیسی تمام چیزیں مسدس کے شمار میں آتی ہیں۔

مسبع:

مسبع کی خصوصیات میں سے زہد، برکت کی زیادتی، مال کا وافر مقدار میں ہونا، شادیاں، دلوں میں پیار و محبت اور ایسی تمام خصوصیات آتی ہیں۔

مثمن:

حفظ، حافظہ، دانشمندی، نفس کی طہارت، دلوں کی پاکیزگی اور صراط مستقیم کی طرف راہنمائی ایسے سارے معاملات پر عطارد یا مثمن دلالت کرتا ہے۔

متسع:

قمر کی ساری خصوصیات مستتع کے مطابق آئیں گی۔

مشتر:

اس کے خواص میں سے آسانی، یقین، جسموں میں قوت وطاقت عمل، پہلی بات کو زیادہ ترجیح اور زیادہ موافق ہیں۔

اوفاق میں سے ہر وفق کا طریقہ تحریر الگ ہوتا ہے۔

وفق کا طریقہ تحریر:

وفق کے اندر داخل مطلوب کے اعداد حاصل کریں اس وفق میں سے اُس کو گرا دیں اور باقی اعداد کو ضلع کے اعداد پر تقسیم کریں اور باہر سے یعنی خانہ مفتاح میں خارج سے داخل کر دیں اور طبعی ترتیب کو مدنظر رکھتے ہوئے واحد کی زیادتی کر دیں آپ کا مطلب مکمل ہو جائے گا۔ اگر وہاں پر کسر موجود ہو تو اس کی جگہ شروع میں ہوگی اور اس کے شروع کو آخیر سے ختم کر دیں پھر اس میں ایک کی زیادتی کر دیں اور آخر تک ایسا ہی عمل کریں۔

طریقہ معرفۃ اُس:

ہر وفق کی مفتاح الطبعی جو واحد سے مغلاق تک ہوتی ہے اور یہی ابیات کی نہاتیہ ہے۔ وفق کی مفتاح الطبعی کو جمع کریں اور حاصل کو نصف ضلع میں رکھیں جو چیز اس سے حاصل ہوگی وہ عدد کی کم ترین قسم ہوگی اسی میں یہ نازل ہوگی اگر ضلع کا عدد ختم کر دیں تو باقی چیز کو اُس کہتے ہیں اگر آپ اسے ضرب مغلاق کہنا چاہیں تو کہہ سکتے ہیں۔

ہر وفق کی طبع کے کئی طریق ہیں۔ جن میں سب سے زیادہ مشہور مردف ہے۔ ہر وفق کی کوئی نہ کوئی خاصیت ضرور ہوتی ہے اور ان سب اوفاق کے لیے اولیاء اللہ اور صالحین سے بہت سے آثار منقول ہیں جن کے راز اللہ تعالیٰ نے اپنے ان بندوں کو بتائے ہیں اور اللہ کے مقربین ہی ان سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ وعلی اللہ حسن القبول

مثلث کی شکل اس کی طبع کے لحاظ سے ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

د	ط	ب
ج	ہ	ز
ح	ا	و

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

امام غزالی کے متعلق مشہور ہے کہ امام صاحب کے پاس یہ مثلث موجود تھا اور یہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ مثلث حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر آصف بن برخیا کے پاس موجود تھا۔ اور یہ بات مشہور ہے کہ حضرت سلیمان علیہ اسلام کی انگوٹھی پر یہ مثلث بنا ہوا تھا اور اسی کے ساتھ ان کی بادشاہت ختم ہوئی یعنی آپ اللہ کے پاس چلے گئے۔ اور حضرت آدمؑ کی انگوٹھی پر بھی یہ ہی عدد کا مثلث موجود تھا مگر اس کی بناوٹ کسی اور طرح سے تھی۔

امام غزالی کے پاس یہ مثلث ربع اور اجزاء کے ساتھ اپنے ان اعداد میں کھیعص حم عسق اور قرآن پاک کی مشہور پانچ آیات جو اس کی طرف منسوب کی جاتی ہیں شامل تھیں۔

ابو حامد غزالی" کا بیان ہے کہ میں اس خاتم کو حاصل کرنے کے لیے بہت لمبا اور زمانہ طویل تک سفر کیا حتی کہ میں بلخ شہر تک پہنچا وہاں سے مجھے ایک بزرگ کے بارے میں علم ہوا کہ ان کے پاس یہ خاتم موجود ہے اسی غرض سے میں نے ان سے ملاقات کی اور اپنے بارے میں بتایا۔ انہوں نے وہ انگوٹھی مجھے عنایت فرمائی اور رازداری کی وصیت کی اور جاہلوں سے دور رکھنے کو کہا کیونکہ اس میں اسماء الحسنیٰ کے راز مخفی ہیں جو یہاں تک پہنچے گا وہ اپنے دین سے کبھی دھوکہ نہیں کرے گا۔ تاہم (مستوجبۃ المحامد فی شرح خاتم ابی حامدؒ) کے مصنف کا بیان ہے آپ فرماتے ہیں کہ امام غزالیؒ کو اور تو جو چیزیں ملی سو ملیں مگر خاتم کی مثال نہیں۔ کیونکہ جس نے اسے پہچان لیا اس نے اسماء الاعظم کی معرفت حاصل کر لی۔ مصنف صاحب نے اس کے تمام حروف قرآن پاک سے جمع کیے ہیں جیسے کھیعص حمعسق، یہ دس حروف ہیں اور حروف وفق تو ہیں کیونکہ ع کا استعمال دو دفعہ کیا گیا ہے اور اسے ایک قوت میں کر دیا ہے گویا یہ نو حروف ہوئے پھر ان میں کئی حروف ایسے ہیں جو بیوت الوفق میں برقرار رہتے ہیں اور کئی ایسے ہیں جو گر جاتے ہیں۔

الف کا استخراج یا سے ہوتا ہے جو بیوت الوفق کے اعداد میں گر جاتا ہے یا کاف سے نکلتا ہے لیکن 18 کے گرنے کے بعد ق سے کیونکہ اس کی ترتیب ابجدی ہوتی ہے جن کی ابتدا سو اور پھر سو سے ہوتی ہے۔ یہ عدد یہ کا تیسرا مرتبہ ہے اور اس وجہ سے ج کو اس میں ثابت رکھا جاتا ہے۔ دم سے لیکن 9 کے چھ مرتبہ گرنے سے ز ع سے لیکن 9 کے سات مرتبہ گرنے سے اس حال میں حاء اس کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔ طس سے نو نو مرتبہ گرنے سے اس کے لیے قرآن پاک کی پانچ آیات ہیں۔ یہ ان کا راز ہے اور انہی آیات پر اس کا دارومدار ہے اور ان پانچ آیات کے شروع میں ان حروف میں سے کوئی نہ کوئی حرف ہوگا۔ کھیعص اور آخر میں حمعسق کے حروف میں سے کوئی نہ کوئی حرف ہو۔ قرآن پاک کی پانچ آیات ملاحظہ فرمائیں۔

(ک) کماء انزلناہ من السماء فاصبح هشیما تذروہ الریاح (ح)

(ہ) هو الله الذی لا اله الا هو عالم الغیب والشهادة هو الرحمن الرحیم (م)

(ی) یوم الآزفة اذ القلوب لدی الحناجر کاظمین ما للظالمین من حمیم وله شفیع یطاع (ع)

(ع) علمت نفس ما احضرت فلا اقسم الخنس الجوار الکنس واللیل اذا عسعس والصبح اذا تنفس (س)

(ص) ص والقران ذی الذکر بل الذین کفروا فی عزة وشقاق (ق)

یہ پانچ آیات قرآنیہ ہی تمام عام وخاص عملوں کا دارومدار ہیں اور یہ ہی راز ہیں۔ کمال مفردات اور مزدوجات تمام کے تمام ان آیات کی تلاوت کے بغیر مکمل نہیں ہوتے۔ اگر وفق اپنے کمال اور خاصیت کے ساتھ ہو (اگر خاصیت کمال کے ساتھ وفق کے لیے ہو) تو 45 مرتبہ تلاوت کریں اگر مفردات کے لیے ہوں تو 25 مرتبہ اگر مزدوجات کے لیے ہوں تو بیس مرتبہ ان آیات کی تلاوت کریں۔ مفردات سے مراد درمیانی دو ضلع لمبی اور چوڑی یعنی طول وعرض کے لحاظ سے اور وہ یہ ہیں۔

اج ہ ز ط

مزدوجات وہ جو چار لائنوں میں ہوں اور وہ یہ ہیں

ب د و ح

مزدوجات اکیلے ہی خیر کے کاموں میں بہت مفید ثابت ہوتے ہیں

مفردات شر اور نقصان کے کاموں کے لیے مخصوص ہوتے ہیں۔

اور وفق عمومی طور پر دونوں کاموں کے لیے ہوتے ہیں خیر وشر دونوں کے لیے۔

وفق کی خصوصیات

اگر کسی قیدی کو سخت سزا ہوئی ہو اور نجات کا کوئی راستہ نہ ہو تو پیر والے دن عصر کے بعد اس کے لیے یہ وفق لکھیں اور قیدی کو دو کھائیں تو جلد خلاصی مل جائے گی۔

مال ومتاع کی حفاظت

مال ومتاع کی حفاظت کے لیے نقدی والے صندوق پر یا خزانہ پر لکھیں تو وہ کبھی چوری نہیں ہوگا اگر چوری ہو جائے تو چور پکڑا جائے گا اور اس کی بدنامی ہو جائے گی۔

زچگی میں آسانی کے لیے

اگر کسی عورت کی زچگی مشکل ہو جائے تو یہ وفق تین مٹی کی پکی ہوئی ٹھیکریوں پر لکھیں۔ایک ایک اس کے دونوں کندھوں پر اور تیسری اس کی آنکھوں کے سامنے لٹکا دیں لیکن شرط یہ ہے کہ اسے ہفتہ کے دن کی پہلی ساعت میں لکھیں اور اس وقت طالع برج قوس اور قمر سرطان میں ہو، اکثر اوقات میں اس چیز کا حصول حاجت سے قبل ہی ممکن ہوتا ہے۔

پیار ومحبت کے لیے

پیار ومحبت کے لیے مکمل وفق قلم دقیق (باریک قلم) سے ٹو کھجوروں پر تحریر کریں اور ان کھجوروں پر ایک مرتبہ ان آیات قرآنیہ کی تلاوت کریں۔

فرددناه الی امه کی تقر عینها ولا تحزن الیل یا فلان ابن فلانة الی فلانة بنت فلانة بالذی قال لا الہ الا انا فاعبدنی۔ والقیت علیک محبة منی ولتصنع علی عینی لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبهم ولکن الله الف بینهم انه عزیز حکیم الیل ولا تخف

انک من الامنین فجمعناھم جمعا ھل اتی علی الانسان حین من الدھر لم یکن شیئا مذکورا انا خلقنا الانسان من نطفۃ امشاج نبتلیہ کذلک یبتلی اللہ فلان ابن فلانۃ بمحبۃ فلانۃ بن فلانۃ

ان آیات کے بعد اسے لبان ذکر اور لوبان وغیرہ دھونی دیں اور یہ نو کی تو کھجور یں مطلوب کو کھلا دیں اور عمل سے مطلوب کے دل میں طالب کے لیے محبت واجب ہو جائے گی۔ اور بعض علماء کا خیال ہے اگر ان آیات کی بجائے صرف حروف اوفاق میں سے ہر حرف کو ایک کھجور پر لکھا جائے تو کافی ہے۔

الفت کے لیے

الفت اور محبت کے لیے اس وفق کو طالب اور اس کی ماں کے نام کے ساتھ مٹی کے پیالے یا کسی اور چیز پر لکھ کر اسے مٹائیں اور وہ مطلوب کو پینے کے لیے دیں۔ الفت اور محبت کے کاموں میں اس چیز کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

کسی کو برانگیختہ کرنا یا کسی چیز پر مائل کرنا

وفق کو اخوین کے خون سے اپنی دائیں ہتھیلی پر لکھوائیں اور جس چیز کے درمیان میں اسے ماریں گے وہ آپ کے تابع ہو جائے گی۔

	ط	
ج	ھ	ز

	ا	
ح		د
د		ب

اوپر دیئے گئے دو مثلثات میں سے اوپر والے مثلث کے خانوں میں مفردات لکھیں اور نیچے والے مثلث کے درمیانی خانوں میں مزدوجات کو لکھیں اس طرح سے کسی دوسرے کاغذ پر مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں اور ان کے حروف سے اس طرح سے دو وفق بنالیں۔ اس وفق کو اپنے پاس رکھے اور مطلوب سے جا کر اپنی کسی قسم کی حاجت کا اظہار کریں۔ انشاء اللہ آپ کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

محبت اور تالیف (دلوں کو نرم کرنا)

محبت اور دلوں کو موم کرنے کے لیے سونے یا چاندی کی لوح اس طرح سے بنائیں۔

چاندی کی لوح جس کا وزن تین درہم ہو لوح کی ایک طرف سونے کا نقل کروائیں اور اس طرف سونے کے ساتھ مفردات تحریر کردیں اور دوسری طرف حزوجات چاندی سے لکھوائیں دلوں کی نرمی اور محبت کی غرض سے اسے اپنے پاس رکھیں جو بھی آپ کو دیکھے گا پسند کرے گا۔

محبت دلوں کی نرمی اور شفقت کے لیے

کندر ایک درخت کا نام ہے جس کی گوند بہت سخت ہوتی ہے کندر (کیکر کی طرح ہوتا ہے) کا ایک بڑا سا ٹکڑا حاصل کریں جس پر مکمل وفق لکھا جاسکے پھر کندر کی ۴۸ ٹکڑیاں لیں اور بارہ ٹکڑیوں پر حرف با لکھیں بارہ پر دال بارہ پر واؤ اور بارہ پر حا لکھ کر سب کو الگ کریں پھر دھوتی دکھائیں پھر

مزدوجات حروف والی چار لکڑیاں لے کر آگ میں پھینک دیں اور ان پر یہ آیت کریمہ کی تلاوت کریں۔ وانہ اخترتک فاستمع لمایوحی۔ تمام مزدوجات کے عدد کا حساب لگا کر بیس بیس مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں پھر ایک مرتبہ قسم پڑھیں اور دوسری چار لکڑیاں لے کر ان پر بھی یہی عمل کریں اور عدد کے حساب سے بیس مرتبہ یہ پڑھیں والقیت علیک محبة منی پڑھ کر لکڑیاں آگ میں پھینکتے جائیں۔ پھر تیسری چار لکڑیاں لیں اور انہیں آگ میں پھینکیں اور یہ آیت تلاوت کریں واصطنعتک لنفسی بیس مرتبہ اور قسم ایک مرتبہ اور چار لکڑیاں لیں اور آگ میں پھینکیں اور یہ آیت پڑھیں وقربناه نجیا ورفعناه مکانا علیا ٥ اور پانچویں چار لکڑیاں لیں اور یہ آیت فلما راینه اکبرنه وقطعن ایدیهن وقلن ماشاء الله ما هذا بشرا ان هذا الا ملک کریم چھٹی چار پر یہ آیت وقال الملک ائتونی به فلما جاءه الرسول قال ارجع الی ربک فاساله ما بال النسوة اللاتی قطعن ایدیهن ان ربی بکیدهن علیم٥ قال ما خطبکن از راودتن یوسف عن نفسه قلن ماشا الله ما علمنا علیه من سوء قالت امرة العزیز الان حصحص الحق انا راودته عن نفسه وانه لمن الصادقین ذلک لیعلم انی لم اخنه بالغیب وان الله لا یهدی کید الخائنین وقال الملک ائتونی به استخلصه لنفسی فلما کلمه قال انک الیوم لدینا مکین أمین اور ساتویں مرتبہ چار لکڑیاں لیں اور یہ آیات تلاوت کریں اور آگ میں پھینکیں ونزعنا ما فی صدرهم من غل اخوانا اور آٹھویں مرتبہ یحبونهم کحب الله والذین آمنو اشد حبا لله اور نویں مرتبہ ومن آیاته ان خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکونوا الیها

ہے۔

مصنف کتاب ہذا۔

نیک حاجات کے لیے

کسی بھی نیک اور اچھی حاجت کے لیے چاندی کی لوح بنوائیں اور عربی مہینہ کے پہلے ہفتہ ساعت اولیٰ میں اس پر وفق بنوائیں کندر اور دھنیا کی دھونی دیں اور 45 مرتبہ یہ آیت مبارکہ تلاوت کریں۔ سیجعل اللہ بعد عسر یسرا۔ جس کے پاس یہ وفق ہوگا اس کی نیک حاجت پوری ہو جائے گی۔

اختلاف پیدا کرنے کے لیے

کوئی سے دو آدمیوں کے درمیان تفریق پیدا کرنا جن کے ملاپ سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی وجود میں آتی ہو ایسے دو افراد کی ناراضگی کے لیے ایک گندا انڈا لیں اور زحل کی ساعت میں اور شرف عطارد میں اس پر وفق لکھیں اور اس پر 131 مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھیں والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ عمل کے بعد انڈا ایسی جگہ توڑیں جہاں ان دونوں افراد کا ملاپ ہوتا ہو اس عمل سے ان کے درمیانی تفریق پیدا ہو جائے گی اور وہ قیامت تک دوبارہ اکٹھے نہیں ہو سکیں گے۔ (شرف عطارد کا ذکر اصل کتاب میں ہے لیکن میرے خیال میں یہ کسی غلط فہمی کا نتیجہ ہے۔ (شرف عطارد بلحاظ نجوم ایسے کام کے لیے موزوں وقت نہیں۔ خالد اسحاق راٹھور)

وجعل بینکم مودۃ و رحمۃ اور دسویں بار عسی اللہ ان یجعل بینکم و بین الذین عادیتم منہم مودۃ گیارھویں بار سیجعل لھم الرحمن ودا اور بارھویں مرتبہ فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا یہ سارا عمل مکمل کرنے کے بعد سب سے بڑے ٹکڑے کو آگ میں پھینک دیں اور یہ آیات تلاوت کریں والف بین قلوبکم لو انفقت ما فی الارض جمعیا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم۔ بیس مرتبہ آیت مبارکہ اور ایک مرتبہ قسم اور مکمل عمل کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

اللھم انی اسالک بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک او انزلتہ فی کتابک او علمتہ احدا من خلقک او استاثرت بہ فی علم الغیب عندک ان تصلی وتسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم اللھم ان قلوب العباد بیدک تقلبھا کیف تشاء اللھم اجعل فی قلب فلان ابن فلانۃ اللطف والعطف والمحبۃ والمودۃ والسرور والفرح والود والتوددو الرفق والتوفیق والاتفاق والصلح والاصلاح والحنو والشفقۃ علی فلانہ بنت فلانۃ حتی یحبھا حبا جما ولا یستطیع ان یفارقھا طرفۃ عین ولا اقل من ذلک یا مؤلف القلوب والابصار یا جامع الناس لیوم لا ریب فیہ یا حبیب یا ودود یا ذالعرش المجید یا فعالا لما یرید انک علی کل شی قدیر وبالا جابۃ جریر وصلی اللہ علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ وسلم

جوں ہی یہ عمل مکمل ہوگا تو آپ کا مقصد آپ کو مل جائے گا۔ اور ہمیں صرف اتنا ہی موصول ہو

ایسے آدمی کے گھر کا بیڑہ غرق کرنے کے لیے جو اپنے دین سے پھر گیا ہو

ایک مکمل وفق بنائیں اس کے زائد حروف کے ساتھ ساتھ اس کا ہر حرف تین مرتبہ اس وقت لکھیں جب زحل کی پہلی ساعت ہو اور ہفتہ کا دن ہو اور قمر ہبوط میں ہو یا نحس کے ساتھ مل گیا ہو اس پر 135 مرتبہ اس آیت کریمہ کا ورد کریں۔

وقذف فی قلوبھم الرعب یخربون بیوتھم بایدیھم۔ عمل کے بعد اس وفق کو اس ظالم کے گھر دفن کر دیں۔ اس عمل سے اس ظالم کا گھر تباہ و برباد ہو جائے گا اور کبھی ٹھیک نہیں ہوگا۔

شفاء القولنج

شیشے کے ٹکڑے پر خاتم کا نقش بنائیں اور 45 مرتبہ سورۃ فاتحہ تلاوت کریں اور مریض کے دائیں پہلو کے ساتھ باندھ دیں اسے شفا مل جائے گی۔

مچھلی کا شکار آسان بنانے کے لیے

قلعی کے ٹکڑے پر وفق کا نقش بنوائیں۔ اس کا وزن تین درہم کے برابر ہو۔ ٹکڑے کی ظاہری طرف ان آیات کو لکھیں۔ عسیٰ اللہ ان یاتینی بھم جمیعا۔ اینما تکونو ایات بکم اللہ جمیعا اذ تاتیھم حیتانھم یوم سبتھم شرعا۔ اُن میں سے ہر آیت کو 45-45 دفعہ پڑھیں اور عمل کے بعد وفق کو شکار والے کانٹے پر لٹکا دیں، ہر طرف سے مچھلی اس کی طرف آئے گی۔

مسافر کے لیے سفر کی مضبوطی، بُری آوازوں سے دوری اور تھکاوٹ کا نہ ہونا

اگر مسافر اپنے سفر پر پختگی چاہے اور سفر میں اسے کوئی پریشانی نہ ہو اور نہ ہی تھکاوٹ ہو۔ اس کے لیے وفق کو ہرن کی کھال پر یا ریشمی کپڑے پر لکھیں لیکن جب قمر نحوست سے بری ہو اور سعد کی طرف جا رہا ہو یا ملا ہوا ہو وفق کے اردگرد یہ آیات لکھیں ولقد خلقنا السموات والارض وما بینھما فی ستہ ایام وما مسنا من لغوب سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی بارکنا حولہ لنریہ من آیاتنا وتری الجبال تحسبھا جامدۃ وھی تمر مر السحاب صنع اللہ الذی اتقن کل شیء واوحینا الی ام موسی ان ارضعیہ فاذا خفت علیہ فالقیہ فی الیم ولا تخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک وجاعلوہ من المرسلین۔ اس عمل کے بعد مسافر اس وفق کو اپنی ران یا پنڈلی کے ساتھ باندھ لے۔ مسافر کا سفر باخیریت ہوگا تھکاوٹ محسوس نہیں ہوگی۔ چور ڈاکو یا کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہوگی۔

زبان کی بندش اور اپنے حق میں اچھی بات اگلوانے کے لیے

وفق بنوائیں اور ہر خانہ میں الیوم نختم علی افواھھم اور وفق کے اردگرد عقدت السنۃ الخلق والبشر من کل انثی وذکر من حامل کتابی ھذا فلا ینطق احد منھم فی حقہ الا بخیر تحریر کریں۔ اس وفق کی کتابت دائرہ کی شکل میں ہونی چاہیے جس کے پاس یہ وفق ہوگا لوگوں کی بدکلامی سے محفوظ رہے گا اور اللہ کے فضل سے اس کے حق میں بھی لوگ بولیں گے۔

مسافر یا سوار کے غرق ہونے سے نجات

پیر کے دن اس وقت وفق بنائیں جب قمر سعد میں ہو اور وفق کے اردگرد یہ آیات لکھیں بسم اللہ مجرھا و مرساھا ان ربی لغفور رحیم ما قدر و اللہ حق قدرہ و الارض جمیعا قبضتہ یوم القیامۃ والسموات مطویات بیمینہ سبحانہ و تعالی عما یشرکون۔ یہ وفق مسافر یا کشتی کا سوار باندھ لیں تو کبھی غرق نہیں ہونگے۔

بندشوں کے لیے

مکمل وفق چار ملائکہ کے نام اور آیات قرآنیہ مشک، زعفران اور پھولوں کے پانی سے لکھیں۔ کتابت مزج برتن پر ہو وفق اور چار ملائکہ جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل اور وفق کے اردگرد آیاتیہ قرآنیہ مرج البحرین یلتقیان یخرج من بین الصلب والترائب فاذا جاء وعد ربی جعلہ دکا و کان وعد ربی حقا و قدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلناہ ھباء منثورا فوقع الحق و بطل ما کانوا یعملون اس عمل سے بندش دور ہر تکلیف ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گی۔

بچوں کو رونے سے چپ کرانا

مکمل وفق اور اردگرد یہ آیات بینات تحریر کریں۔

الم من ھذا الحدیث تعجبون وتضحکون ولا تبکون وخشعت الاصوات للرحمن فلا تسمع الا ھمسا ولبثوا فی کھفھم ثلاث مائۃ سنین وازدادوا تسعا اس عمل کے بعد وفق کا تعویذ بنائیں اور بچے کے گلے میں لٹکا دیں وہ خوش رہنے لگے گا اور رونا ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا۔

لیکن وفق مشک زعفران یا پھولوں کے پانی سے لکھا جائے۔ گلاب کے پھول مراد ہیں۔

بندش اور جادو کا خاتمہ

اگر کسی پر بندش ہو یا کسی آدمی پر جادو کیا گیا ہو تو وفق کو مشک، زعفران اور گلاب کے پھولوں کے پانی سے کسی چیز کا پاک وصاف ٹکڑا ہو یا کسی تھال پر لکھیں اور وفق کے اردگرد یہ آیات لکھیں اور آیۃ الکرسی اور حروف مقطعات ضرور تحریر کریں۔

السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین آیت کے بعد یہ کلمات لکھیں ابطلت عن کذا و کذا جمیع الاعمال والاسحار والعزام والعقد ان کانت فی ورقۃ او عروق او خیوط او طیور او نار او تراب او ماء او ھواء او حجر او شجر باطل باطل باطل ماعملوا وما کانوا یعملون عمل کے بعد پاک وصاف پانی سے اسے مٹادیں اور جس پر جادو کیا گیا ہو اسے پلائیں اور نہلا دیں عمل سے جادو کا خاتمہ اور بندش سے نجات مل جائے گی۔

داڑھ درد سے نجات

گولر درخت کی لکڑی سے لوح بنوائیں اور اس پر لوح حرفی لکھیں اور لوہے کی نوک دار سمار لیں اس کی نوک کو حرف الف پر رکھیں اور بیمار کو کہیں کہ وہ اپنی شہادت کی انگلی درد والی جگہ رکھے اور آپ اس آیت کریمہ کی تلاوت کریں۔ سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی والذی قدر فھدی فھدی اگر درد میں کوئی فرق آئے تو سمار اسی جگہ رکھیں اور اگر فرق محسوس نہ ہو تو نوک ب پر رکھیں اور آیات دو مرتبہ پڑھیں پھر بھی افاقہ نہ ہو تو نوک ج پر رکھیں اور آیات تین مرتبہ پڑھیں عمل اس وقت تک کرتے جائیں جب تک افاقہ محسوس نہ ہو۔ اس عمل سے درد ہمیشہ کے لیے ختم ہو

جائے گا۔ عمل کے بعد اس لوح کو کسی اونچی اور پاک جگہ پر رکھیں۔

سر درد سے نجات کے لیے

وفق لکھیں اور اردگرد یہ کلمات لکھیں۔ اسکن یا الم الذی سکن له ما فی اللیل والنهار وهو السمیع العلیم۔ اور بیمار کے سر پر رکھیں تو مریض کو افاقہ ہو جائے گا۔

پوشیدہ مسئلے کے حل کے لیے

وفق کسی کاغذ پر لکھیں اور اردگرد یہ آیات لکھیں۔ وکذلک نری ابراهیم ملکوت السموات والارض ولیکون من الموقنین ولما جاء موسی لمیقاتنا وکلمه ربه قال رب ارنی انظر الیک انا اعطیناک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک هو الابتر 45 مرتبہ ان آیات کا ورد کریں اور ورقہ لپیٹ کر اپنے سرہانے رکھیں، کسی سے بات نہ کریں اور سوئے ہوئے پوشیدہ معاملے کے موضوع کو ذہن میں رکھیں۔ سوتے ہوئے آپ پر یہ معاملہ ضرور ظاہر ہو جائے گا۔

غائب کو حاضر کرنا

کسی کاغذ پر وفق لکھیں اور اردگرد آیات مبارکہ لکھیں۔ والقیت علیک محبة منی 9 مرتبہ اور یہ کلمات الهبت وعطفت وطیرت وخطفت قلب فلان بن فلانة بمحبة فلانة بنت فلانة بحق هذه الایات الشریفة والوفق المبارک۔

اس عمل کے بعد کاغذ پر بڑا سا لیان ذکر کا ٹکڑا اور چھوٹا سا کزبرۃ کا ٹکڑا رکھ کر جلا دیں اور مذکورہ آیت 313 مرتبہ ہر تیسری اور دسویں مرتبہ مذکورہ کلمات ضرور کہیں۔ عمل کے خاتمہ تک مطلوب ضرور

عاجزی سے آپ کے پاس آئے گا۔

بھگوڑے کی واپسی کے لیے

وفق کسی کاغذ پر لکھیں اور ورق کے سیدھے حصہ پر بھگوڑے کا نام لکھیں اور وفق محاذات الھا کا بنائیں۔ 405 دفعہ اس آیت کا ورد کریں۔

انه علی رجعه لقادر۔ عمل کے بعد ایک بڑا سا پتھر لیں اور کاغذ کے اوپر اس جگہ پر رکھیں جہاں سے وہ بھاگا ہو اللہ کے حکم سے بھگوڑا واپس آ جائے گا اور کبھی غائب نہیں ہوگا۔

سانپ اور بچھو کے ڈنگ سے نجات

چاندی کے کسی برتن پر مکمل وفق بنائیں اور سات راتوں تک اسے ستاروں کی روشنی میں رکھیں اور ہر رات اس کے پاس بیٹھ کر 45 مرتبہ سورۃ یسٰین کی تلاوت کریں عمل کے بعد برتن اپنے پاس رکھیں اور اس میں تھوڑا سا تیل یا صاف پانی ڈالیں اگر تیل نہ ہو تو ڈسی ہوئی جگہ پر خوشبو لگائیں عمل سے ڈنگ نکل جائے گا اور درد رک جائے گا۔

ظالم اور فتنہ باز کے شر سے نجات کے لیے

نو درہم کے وزن کی سیسہ کی لوح لیں اور اس پر وفق اس وقت بنائیں جب زحل اپنے شرف میں ہو وفق پر 135 مرتبہ آیت فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ○ پڑھیں اور میعہ سائلہ کی دھونی دیں۔ جس کے پاس یہ لوح ہوگی وہ ظالم اور فتنہ باز کے شر سے دور رہے گا۔

قاضیوں اور بڑے لوگوں کے نزدیک ہیبت اور رعب کے لیے

ہرنی کی کھال پر زعفران سے اس وقت وفق لکھیں جب زحل کی ساعت ہو اور قمر یا مشتری اپنے شرف میں ہو وفق پر ہزار مرتبہ اسماء الحسنیٰ میں سے عزیز کا ورد کریں۔ جس کے پاس وفق ہو گا وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے گا۔

عرق النساء

یہ ایک قسم کا درد ہوتا ہے جو عورتوں کو ران سے لے کر پاؤں تک ہوتا ہے کے لیے چاندی کے ورق پر سونے کی باریک قلم سے مکمل وفق لکھ کر عورت کو دیں تو عورت کا درد ٹھیک ہو جائے گا۔

تجارت کی جگہ رش اور برکت کے لیے

کسی ورق پر مکمل وفق لکھیں۔ آیت مبارک واذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا وعلی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق لیشھدوا منافع لھم کا 45 دفعہ ورد کریں وفق تجارتی جگہ پر لٹکا دیں ہر طرف سے برکت اور رش آئے گا۔

غموں اور مصائب سے نجات

اس وفق کے بہت فوائد ہیں۔ کسی کاغذ پر وفق لکھیں اور ارد گرد تین دفعہ ویشف صدور قوم

